
ہندوستان کا نمبر ایک اردو اخبار
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA PATNA

Date: 16 February 10

Edition : Patna

# راعین تعلیمی فروغ کیلئے 'تعلیمی جماعت' پر عمل کا عہد

پٹنہ، (پریس ریلیز) بہار جمعیۃ الراعین کے کنوینر اور راعین تعلیمی تحریک کے سالار محمد داؤد کے تعلیمی دورے سے لوٹنے کے بعد ایک پریس اعلانیہ میں بتایا کہ مذکورہ ضلع میں تعلیمی تحریک کو فعال بنانے سے متعلق ایک نشست شہنشاہ عالم راعین کے دولت کدہ پر ضلع شاخ کے سربراہ خورشید عالم راعین کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ جس میں طلبا کے ساتھ ساتھ بزرگ اور نوجوانوں نے شرکت کی۔ ان کے علاوہ پروفیسر امام علی راعین جنرل سکریٹری، محمد نظام الدین راعین سرپرست، زین الہدی راعین، حبیب الرحمٰن راعین آفس سکریٹری، کمال احمد راعین، محمد رضوان راعین، الفت حسین راعین، شمیم الدین راعین، شہنشاہ عالم راعین وغیرہ بھی موجود تھے۔ راعین برادری میں تعلیمی فروغ وترقی کے نکتہ پر تبادلہ خیال کے بعد اس تحریک کو زمین پر اتارنے اور برادری کے گھر گھر پہنچانے کیلئے مختلف تجاویز پیش کرنے میں پیش پیش رہے۔ زیر تحریک قائدہ شدہ تعلیمی جماعت کے ذریعہ ضلع کے ہر بلاک و قصبے کے ہر صاحب خاندان و خاندان کے گارجین کو اپنے اپنے نونہالوں کو تعلیم فراہم کرانے کیلئے بیدار کرنے، بچوں کے ساتھ ساتھ بچیوں کو بھی ہر قیمت پر مدرسہ یا اسکول تک پہنچانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔




یوایف اوموویز انڈیا لمیٹیڈ کے چیف (سیلس) دیپک رنجن آئی پی ایل میچوں کے سنیما تھیٹروں میں نمائش کا اعلان کرتے ہوئے............(تصویر: ایس این بی)